# شرائط نیلام (E-Auction)

## ٹھیکہ سلاٹر ہاؤس بالاکوٹ برائے سال 2026-27

## تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بالاکوٹ

۱۔ معیاد ٹھیکہ عرصہ ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027) ہوگی۔

۲۔ کوئی بھی شخص/فرم جو محکمہ بلدیات و کسی بھی لوکل کونسل و صوبائی حکومت یا وفاقی حکومت کے کسی قسم کے بقایادار ہوں وہ بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہوسکے۔

۳۔ بولی میں وہ شخص رفرم حصہ لینے کا مجاز ہوگا جو کہ لوکل کونسل بورڈ صوبہ خیبر پختونخواہ پشاور متعلقہ کلاس میں رجسٹرڈ شدہ ہو اور برائے سال 2026-27 کیلئے رجسٹریشن کی تجدید کرائی ہو۔

۴۔ صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق بولی کا انعقاد بذریعہ آن لائن کھلی بولی E-Baldia/E-auction کیا جائے گا۔ آن لائن کھلی بولی کی تفصیلات/طریقہ کار محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخواہ پشاور کی دی گئی ویب سائٹ E-Baldiya (https://cfims.lgkp.gov.pk) پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں جس کے مطابق نیلامی کا شیڈول بذریعہ مشتہری اخبارات کیا جا کر مذکورہ تاریخ پر بروز سوموار اوپر دی گئی ویب سائٹ پر اپلوڈ کیا جائے گا۔ جو کہ بدھ شام 4:00 بجے تک مذکورہ ویب سائٹ پر اپلوڈ رہے گا خواہشمند حضرات سوموار بوقت صبح 9:00 بجے سے بدھ بوقت شام 4:00 بجے تک اپنی پیشکش/بولی دے سکتے ہیں۔

۵۔ بولی میں حصہ لینے سے قبل ٹھیکیدار کو لازمی طور پر 5% زر بیعانہ (سیکیورٹی) بصورت کال ڈیپازٹ بنام TMO بالاکوٹ جمع کروانی ہوگی۔ ویب سائٹ پر درج کی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق غلط یا جعلی تفصیل اپلوڈ کرنے کی صورت میں بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔

۶ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکیدار کے لئے لازم ہے کہ وہ تین دن کے اندر اندر دفتری اوقات کار میں 5% سیکیورٹی اور 15% ایڈوانس رقم جمع کرے بصورت ناکامی ٹھیکہ منسوخ کر کے 5% سیکیورٹی ضبط کی جائے گی اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

۷۔ کامیاب بولی دہندہ اگر 30% سے زائد بولی دیگا تو وہ مزید اضافی رقم اس حساب سے 5% بصورت کال ڈیپازٹ تین دن کے اندر اندر TMA بالاکوٹ میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

۸۔ کامیاب بولی دہندہ FBR کے ساتھ رجسٹرڈ ہونے کی صورت میں 10% انکم ٹیکس اور KPPRA کی طرف سے نافذ کردہ ٹیکس جمع کروانا کا پابند ہوگا۔

۹۔ 15% فیصد رقم ٹھیکہ کی آخری قسط میں مجرائی کی جائیگی۔ جبکہ 5% زر ضمانت ٹھیکیدار کو 30 جون 2027ء کے بعد واپس کردی جائیگی بشرطیکہ وہ TMA بالاکوٹ کا بقایادار نہ ہو۔ بصورت دیگر TMA بالاکوٹ بقایاجات وصول کر کے بقایا رقم اس کو واپس کردی گی۔

۱۰۔ ٹھیکہ کی منظوری کے ایک ہفتہ کے اندر اندر ٹھیکیدار کو اپنی ضمانت کے طور پر دو لوکل شخص جس کی پراپرٹی مذکورہ ٹھیکہ کے برابر ہو، اسٹامپ پیپر فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ مہیا کرنا ہوگا۔ اور اس کے بعد معاہدہ تحریری کرنا ہوگا۔ اگر ایسا کرنے میں ٹھیکیدار ناکام رہا تو ٹھیکہ ٹھیکیدار کی Risk & Cost پر دوبارہ نیلام کیا جائیگا۔

۱۱۔ ٹھیکیدار کل زر نیلام 11 مساوی اقساط میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ پہلی قسط جولائی 2026ء کے اختتام پر ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ اسی طرح بقیہ اقساط بھی ہر ماہ کی آخری تاریخ تک ادا کرنی ہوں گی۔

۱۲۔ ٹھیکیدار ہر ماہ کی پانچ تاریخ کو قسط ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ اگر ٹھیکیدار مقررہ تاریخ تک ادائیگی کرنے میں ناکام رہا تو اس پر 2% یومیہ جرمانہ عائد کیا جائیگا۔ اگر ہر ماہ کی 15 تاریخ تک قسط کی ادائیگی نہ کی گئی تو ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا اور ٹھیکیدار کی Risk & Cost پر دوبارہ نیلام کیا جائیگا۔ اور جمع شدہ رقم ایڈوانس رقم بمعہ زر ضمانت بحق TMA بالاکوٹ ضبط کی جائیگی۔ جس پر ٹھیکیدار کو کوئی اعتراض کرنے کا مجاز نہ ہوگا اور نہ ہی وہ کسی عدالت میں TMA بالاکوٹ کے فیصلے کو چیلنج کر سکے گا۔

۱۳۔ دوران ٹھیکہ وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت کی طرف سے اگر کوئی نیا ٹیکس لگایا گیا تو ٹھیکیدار اس کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔

۱۴۔ ٹھیکہ ایک دفعہ نیلام ہونے کے بعد کسی بھی دوسرے شخص یا فرم کے نام پر منتقل نہیں کیا جاسکے گا۔ اگر ٹھیکیدار جاری رکھنے سے معذوری ظاہر کریگا تو ایسی صورت میں ٹھیکیدار کی Risk & Cost پر منسوخ کیا جا کر دوبارہ نیلام کیا جائیگا۔

۱۵۔ جب تک ٹھیکیدار معاہدہ پر دستخط نہ کرلے اور زر ضمانت و ایڈوانس رقم جمع نہ کرے تو اس وقت تک ٹھیکہ تک چارج اس کے حوالہ نہیں کیا جائیگا۔

۱۶۔ کسی بھی ناگہانی صورت حال، آفت، بادو باراں، خشک سالی یا ہڑتال وغیرہ کی وجہ سے اگر ٹھیکیدار کو نقصان اٹھانا پڑا تو وہ اس کے ازالہ کے لیے کسی قسم کی رعائت (remission) کا مستحق نہ ہوگا اور نہ ہی ایسے مطالبہ کا حقدار ہوگا۔

۱۷۔ ٹھیکیدار سلاٹر ہاؤس بالاکوٹ کی وصولی TMA بالاکوٹ کے مقررہ شدہ شیڈول کے مطابق وصول کرے گا۔ جو کہ -/400 روپے فی جانور بڑا اور -/200 روپے فی جانور چھوٹا کے حساب سے وصول کرے گا۔ نیز ٹھیکیدار جہاں پر ٹھیکہ کو وصولیاں کرے گا وہاں پر شیڈول واضح چسپاں کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۸۔ ٹھیکیدار اور لوکل کونسل کے مابین ٹھیکہ کے متعلق کسی بھی تنازعہ کی صورت میں لوکل کونسل کے پاس اختیار ہوگا کہ وہ تنازعہ کو بذریعہ Arbitration Act 1940 کے تحت حل کریگا۔ ریجنل میونسپل آفیسر ہزارہ ریجن ایبٹ آباد ثالث مقرر ہونگے اور ثالث ایک ماہ کے اندر تنازعہ پر فیصلہ صادر کریں گے۔ دونوں پارٹیوں کا عدالت جانے کا کوئی حق نہ ہوگا۔

۱۹۔ بدوران ٹھیکہ صوبائی حکومت، ضلعی حکومت یا تحصیل کونسل اگر قواعد یا شرح فیصد میں کمی کرے تو ہر دو فریقین عمل درآمد کے پابند ہونگے۔

۲۰۔ صوبائی حکومت نے ماڈل شرائط نیلام بذریعہ چھٹی نمبری NO-AO-II/LCB/6-11/2026 مجریہ 07/05/2026 جو ہدایات جاری کی ہیں ٹھیکیداران پر من و عن عمل درآمد کا پابند ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| ٹیکس سپرنٹنڈنٹ | اسسٹنٹ تحصیل آفیسر ریگولیشن | تحصیل میونسپل آفیسر |
| TMA بالاکوٹ | TMA بالاکوٹ | TMA بالاکوٹ |

CamScanner